(صاحب مولف نے حق طبع دفتر المسیح کو عنایت فرمایا ہے)

هو العلی الکبیر

مفید و مختصر چٹکلے

مجربات فطن

از

جناب حکیم مولوی سید ابو الحسن صاحب فطن

جسکو

دفتر المسیح نے حکیم صاحب کی اجازت سے بعد اضافہ

مطالب ضروری چھپوا کر شائع کیا

سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق سنہ ۱۹۲۲ء

اس کتاب کے ملنے کا پتہ

دفتر المسیح - قرول باغ دہلی

طبع اول تعداد ۱۰۰۰ (در محبوب المطابع طبع شد) قیمت ۴ر

طب میں ایک عظیم الشان اضافہ

علم تشریح جسقدر ضروری اور اہم علم ہے۔ اُسیقدر اِسکا حاصل کرنا بھی دِقت طلب ہے۔ کیونکہ اِس کے ذرائع حصول ہمارے پاس تقریباً مفقود ہیں۔ اگرچہ تشریح اصل چیز یا اُسکے نمونے دیکھنے پر ہی بخوبی ذہن نشین ہوسکتی ہے۔ لیکن ہماری غرض ایک حد تک نقشوں اور تصاویر سے بھی پوری ہوسکتی ہے۔ بدقسمتی سے ہم اِن سے بھی تہیدست تھے خدا کا شکر ہے کہ ہم نے اس ضرورت کو محسوس کرکے کُل اعضاء مفردہ و مرکبہ کی تصاویر طب جدید کی معتبر تشریحی کتب سے اخذ کرنے کے بعد نہایت اہتمام اور خوبصورتی سے اعلیٰ درجہ کے دبیز اور سفید کاغذ پر چھپوا کر شائع کیا ہے۔ سب سے زیادہ خوبی اور عمدگی کی بات یہ ہے کہ کُل تشریحی مقامات کو عربی الفاظ اور اصطلاحات میں تحریر کیا گیا ہے۔ اور ایسا طرز رکھا گیا ہے کہ ہر شخص بغیر استاد کے اپنی ضرورت کو اِن تصاویر کے ذریعہ ایک حد تک پورا کرسکتا ہے۔ ہم نے اِن تصاویر کو دو حصوں میں منقسم کیا ہے۔ **حصہ اوّل** میں عظام (ہڈیاں) رباطات اور عضلات کی تقریباً دو سو تصاویر شامل ہیں۔ اور **حصہ دوم** میں شرائین۔ اوردہ اعصاب اور کُل اعضاء مرکبہ کی تصاویر درج ہیں۔ بغرض وضاحت **شرائین** کو سُرخ اوردہ کو نیلا اور **اعصاب** کو زرد چھپوایا گیا ہے۔ جس کی بنا پر تصاویر کی خوبصورتی اور عمدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ قیمت حصہ اول عہ اور قیمت حصہ دوم سے ہے جو کہ اُن اخراجات کو دیکھتے ہوئے بہت کم ہے جو کہ اُنکے چھپوانے میں ہوا ہے۔

ناظم دار الکتب المسیح قرول باغ دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم

حمد و نعت

بعد حمدِ خدا و نعتِ رسول — بعد مدحِ علیؑ و وصفِ بتول
آل و اصحاب پر درود و سلام — بھیجتا ہوں بصدق صبح و شام
چند نسخے ہیں نظم میں مسطور — خدمتِ شایقین ہے منظور
دیکھکر اِن کو خوش ہوں اہلِ فن — اور دعا مانگیں حق سے بہرِ فطن

امراض دماغ و اعصاب

ضعفِ دماغ

بہرِ ضعفِ دماغ عالی مقام — پیجیئے گا حریرۂ بادام

حریرۂ بادام - یعنی بادام سات دانے سے لیکر گیارہ دانے تک
پانی میں پیسیں پھر اس میں مصری ۲ تولہ ملاکر آگ پر پکائیں - اور رقیق ہونگی

حالت میں نیم گرم علی الصباح پی جائیں۔

مقوی دماغ

ایک مثقال لیکے تخم حنا شہد کے ساتھ روز کھا لینا

مثقال ایک وزن ہے۔ ۴۔ ماشہ کے برابر۔ شہد کا وزن اس نسخہ میں ایک تولہ سے دو تولہ ہونا چاہیئے۔ یہ دوا علی الصباح یا سوتے وقت کھانی چاہیئے۔

درد سر گرم

گرمی سے تمکو ہو جو درد سر گھس کے صندل لگاو ماتھے پر

درد سر صفراوی

جبکہ صفرا سے درد سر ہو عزیز پیسکر تب لگائیے کشنیز

کشنیز۔ دھنیا۔ یہاں کشنیز سے مراد تخم کشنیز ہے۔

دیگر برای درد سر

زعفران و افیم اور ادرک لیپ کر پیسکر تولے زیرک

زعفران ایک ماشہ۔ افیون ایک ماشہ دونوں لیکر آب ادرک میں پیسکر کنپٹی کے مقام پر دونوں طرف لیپ کریں۔

درد شقیقہ

شقیقہ وہ درد ہے جو نصف سر میں کسی ایک طرف ہوتا ہے۔

زنجبیل و سفید صندل لا اپنے ماتھے پہ انگو گھس کے لگا

زنجبیل۔ سونٹھ یا خشک ادرک کا نام ہے۔

دونوں دوائیں برابر برابر ہوں۔ یا صندل سفید کسی قدر زیادہ۔ اور سونٹھ کم

سرسام

سرسام۔ میں دماغ یا دماغ کی جھلیوں میں ورم ہو جاتا ہے

جس کسی آدمی کو ہو سرسام مرغ کو ذبح کرکے لیویں کام

یعنی وہ باندھیں سر پہ گرما گرم دیر کرنا نہ۔ ہے یہ مہلک ورم

سرسام

گرم ہووے کسی کو گر سرسام روغنِ گل سے سرکہ سے لے کام

یعنی روغن اور سرکہ برابر برابر ملا کر کپڑے کی دھجی کو کئی تہ کرکے اور اس سے لت کرکے سر کے تالو پر رکھیں۔ اور بار بار (ایک ایک گھنٹہ بعد) بدل دیا کریں۔

سرسام

خون قمری کا یا کبوتر کا یا جوان مرغ کا تو سر پہ لگا

خون ان حیوانات کا گرما گرم لگانا چاہیئے۔ اور سر سے مراد سر کا تالو ہے

دافعِ نسیان

نسیان۔ وہ مرض ہے جس میں باتیں جلد بھول جاتی ہیں۔

مغز بادام شیریں اور دانا — مغز اخروٹ و مصری و پستا
دودھ میں پیس کر حریرہ پکا — مرض نسیان تیرا جاوے چلا

دانا۔ بہار میں خشخاش کو کہتے ہیں

یہ سب دوائیں تقریباً ۳-۳ ماشہ لیں۔ اور دودھ بیس ۲۰ تولہ اِس میں مصری ۳-۴ تولہ بھی مزے کیلئے شامل کرنا بہتر ہے۔ اِس کا اِستعمال صبح کے وقت مناسب ہے۔

دیگر برای نِسیان

کھائیں تنبول کا اگر شربت — نہ رہے بھولنے کی پھر عادت

شربت تنبول کے بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ پان کے پتوں کو پیس کر رس نکالیں۔ رس اگر پاؤ سیر ہو تو قند پاؤ سیر شامل کر کے شربت کا سا قوام بنائیں۔ خوراک ایک تولہ سے ۲ تولہ

دیگر برای نِسیان

برمڈنڈی منگائیے دس دام — کھائیے تین ماشہ صبح و شام

دام۔ ایک وزن ہے۔ جس کی دو قسمیں ہیں۔ دام خام چودہ ماشہ کا اور دام پختہ (یا) دام کلان بیس یا اکیس ماشہ کا

نزلہ و زکام

جس کسی کو بھی ہووے مرضِ زکام — اِصل سُوس اور بنفشہ پیوے مدام

اصل سوس۔ یعنی ملیٹھی ۵ ماشہ اور گل بنفشہ ۷ ماشہ یکجا پانی میں جوش دیں۔ اور صبح وشام پئیں۔ شربت بنفشہ یا مصری ۲ تولہ بھی ملالیں تو اچھا ہے۔

فالج

جس کسی کو بھی مرض فالج ہو ۔۔۔ شہد دینا جو تم معالج ہو
شوربا اُس کو دو کبوتر کا ۔۔۔ اور نخود آب۔ گوشت تیتر کا
گرم مسہل بھی دیجئیگا ضرور ۔۔۔ کیونکہ تنقیہ ہے یہاں منظور
پھر مالش ہے روغنِ شونیز ۔۔۔ یا کوئی گرم تیل ہووے عزیز!

پہلے کئی روز تک مریض فالج کو شہد اس طرح دینا چاہئے کہ شہد کو عرق گاوزبان میں ملاکر پکا لیا جائے۔ اسکو ماء العسل (شہد کا پانی یا شربت شہد) کہتے ہیں۔ اس کے بعد مسہلات سے کام لیا جائے اور بطور غذا کے شوربائے کبوتر۔ شوربائے تیتر۔ آب نخود (چنے کا پانی) دیا جائے۔ آب نخود سے مراد یہ ہے کہ چنے کی دال پانی میں پکائی جائے۔ جب دال گل جائے۔ تو اس کا پانی چھان کر نمک ملاکر مریض کو دیا جائے۔ گوشت اور دال کو ساتھ بھی پکا سکتے ہیں۔ اور اُس کا شوربہ چھانکر دے سکتے ہیں۔ اعضاء پر روغن شونیز یا روغن آک لگایا جائے۔

اختلاج اعضاء - پھڑکنا

جسم کا کوئی عضو گر پھڑکے گرم کر کے نمک کو وان مل دے

امراض چشم

عشا - رتوندھی

اِس مرض میں دن کو دکھائی دیتا ہے مگر رات کو کچھ نظر نہیں آتا۔

حقے کے میل کو لگانا تم اور اِس مرض کو بھگانا تم

حقے کی میل سے مراد وہ میل ہے جو نیچے میں جمع ہو جاتی ہے۔
اِسے آنکھ میں سرمہ کے طور پر خفیف مقدار میں احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا چاہیئے۔

بیاض چشم یعنی پھولہ ظفرہ یعنی ناخونہ

نمک سنگ اور کفِ دریا سرمہ کر کے لگا تو صبح و مسا

نمک سنگ (نمک لاہوری) اور کفِ دریا دونوں ہموزن ہوں۔ اور سلائی سے سرمہ کے طور پر آنکھ میں لگائیں۔

درد چشم

تودھ لو اور میدۂ گندم گھول کر پھر بنا و گولی تم

گرم کر کے ٹکور کیجیے گا درد چشم اس سے ہوگا جلد اچھا

لودھ۔ لودھ پٹھانی۔

امراض زبان و دہان

جوشش دہن۔ منہ آنا

ہو جو لاحق کسی کو جوش دہن ترپھلے کی کرے وہ کُلّی فطن

ترپھلے۔ سے مراد ہلیلہ (ہڑ) بلیلہ (بہیڑہ) آملہ ہے۔

تینوں برابر برابر لیکر گرم پانی میں بھگوئیں۔ پھر چھانکر اُسکے صاف پانی سے کُلّی کریں

دیگر برائے جوشش دہن

ترپھلا اور کات ہندی لو پانی میں جوش کر کے کُلّی کرو

ترپھلا۔ کے معنے اوپر ہم بتا چکے ہیں۔ کات ہندی۔ کتھہ۔ یہ سب چیزیں ہموزن ہوں۔

شقاق زبان۔ زبان کا پھٹنا

تخم قرعہ رگڑ کے پانی میں اور اس کو زبان پہ اپنی ملیں

تخم قرعہ۔ کدو کے بیج۔ یہاں اِس سے مراد مغز تخم کدوئی شیریں ہے۔

ہکلانا۔ لکنت

مغز بادام چھ عدد لیکر شہد کے ساتھ کہایئے اکثر

لکنت زبان

رائی کے ہموزن عقر قرحا پیس کر مل زبان پہ صبح و مسا

دانت اور مسوڑھے کے امراض

مقوی لثہ و مجلی دندان

مقوی لثہ۔ یعنی مسوڑھوں کا مضبوط بنانے والا۔ مجلی دندان یعنی دانتوں کو صاف کرنے والا۔

چھلکا بادام کا جلا کے فطن تو بنا اُس کا پیسکر منجن

یہ مشہور اور مجرب مجلی دندان ہے مگر اس میں اگر پھٹکری بریاں بھی نصف مقدار شامل کر لی جائے۔ تو تقویت زیادہ ہوگی۔

مقوی لثہ و دندان

سعد کوفی و مصطگی کو مُدام پیس کر ملئے بہر استحکام

سعد کوفی اور مصطگی ہموزن لے کر منجن بنائیں۔

درد دندان

تودہ چوب اور لیجئے مرچ سیاہ پیسکر آپ ملئے شام و پگاہ

زرد چوب یعنی ہلدی اور فلفل سیاہ دونوں ہموزن لیکر سفوف بنائیں اور منجن کے طور پر دانت پر ملیں۔ اس کے بعد سرد پانی سے کلی نہ کریں۔

دیگر برائے درد دندان

درد دندان ہو جس کو وہ رکھے　　ہینگ بریان کو دانت کے نیچے

حنجرہ اور پھیپھڑے کے امراض

سُرفہ۔ کھانسی

شیر خشت آپ منہ میں رکھیئے مدام　　چوستے آپ شب کو رہیے مدام

ایضاً دیگر

ہڑ بڑی۔ گول مرچ۔ سیندھا نمک　　ہموزن لے تو سب کو لے زیرک
پیسکر رکھ لے۔ وقت سرفہ کے　　منہ میں۔ اور کھا تو تھوڑا تھوڑا اسے

ہڑ بڑی۔ ہلیلہ کلان۔ بڑی ہڑ۔ منہ میں اس کا سفوف ایک ایک رتی رکھیں۔

سعال خشک۔ سوکھی کھانسی

خشک کھانسی۔ سے مراد یہ ہے کہ کھانسی کے ساتھ بلغم نہ خارج ہو

جس کسی کو کہ خشک کھانسی ہو　　یا کہ وہ آدمی جو سانسی ہو
میں بتاتا ہوں اک دوا آسان　　بھون کر کھائے روز بزرکتان

سانسی۔ وہ شخص جس کا سانس پھولتا ہو۔ مریض ضیق النفس۔

بزرکتان۔ السی کے بیج۔ مقدار خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک

ایضاً دیگر

کچی اَلسی ہو اُس کو تر کر دو بعد اُس کے لعاب کو لے لو

جتنا ہو اُتنا اُس میں شہد ملا آگ دِکھلا کے چاٹ صبح و مسا

ایک تولہ السی لیکر پانی میں تر کریں۔ اُس کے بعد لعاب لیکر اس میں

ایک یا دو تولہ شہد ملا کر صبح و شام چاٹا کریں۔ گویا یہ ایک سہل الحصول

"لعوق تخم کتان" ہے۔

بُحَّۃُ الصوت۔ آواز بیٹھنا

بیٹھ جائے گلا جو تیرا جوان رکھ لے اپنے دہن میں خولنجان

خولنجان۔ کلیجن پان کی جڑ کا نام ہے۔ ذرا سا منہ میں ہر وقت رکھنا چاہئے

معدہ اور آنتوں کے امراض

فُوَاق یعنی

فوائق۔ ہچکی۔

برگ انبہ جو خشک ہو لیکر مثل تمباکو پیجیے بھر کر

غثیان و قے

یعنی جس شخص کو غثیان (متلی) اور قے کی شکایت اکثر رہا کرتی ہو۔

تم کو متلی ہو یا کہ قے ہو مدام　　پیجئے تھوڑا سا شیرۂ بادام

شیرۂ بادام۔ شیرۂ بادام سے مراد یہ ہے کہ مغز بادام مقشر (چھلا ہوا) پیکر سادہ پانی یا عرق گاؤزبان کے ساتھ پیسکر چھان لیں۔ یہی دودھیا سیال "شیرہ" کہلاتا ہے۔

پیچش

کیلا اگر پختہ ہووے یا ہو خام　　کھائیے اُس کو آپ صبح و شام

پختہ کیلے کو کھانا تو ظاہر ہے۔ مگر خام اگر ہو تو اُس کے کھانے کی صورت یہ ہے کہ اِس کی ترکاری پکا کر استعمال کی جائے۔

درد قولنج

درد قولنج میں تو لہسن کھا　　اور وہاں پیس پیسکر بھی لگا

لہسن کھانے کی ترکیب یہ ہے۔ کہ اِسے گرم راکھ میں یا بھوبھل میں بھون لیں اور دو تین جوے کھالیں۔ مگر لگانے کے لئے بھوننے کی ضرورت نہیں ہے۔

سنگرہنی و اسہال (دست)

سنگرہنی (ه) مرض اسہال جو کہ مزمن (پرانا) ہو چکا ہو۔

سونف اور زنجبیل اور پیپل   پیس کر کھائیے بوزن اقل

سونف یعنی بادیان اور سونٹھ اور فلفل دراز ہموزن لیکر سفوف بنائیں۔ اور کھانا کھانے کے بعد تقریباً ۳ ماشہ کھالیا کریں۔

درد شکم ریحی

درد ریحی کے واسطے حُقّا   پینا بے حد مفید ہے حُقّا
چائے تمباکو یا اڑد بھر کر   ایک دو دم لگائیے اکثر

ہیضہ

جب کسی آدمی کو ہو ہیضہ   تو تو لے کالی مرچ چھ ماشہ
بعد اُس کے تو بیخ اکون لا   ہو وزن جس کا ایک ہی تولہ
رَس میں ادرک کے پیسکر تو اِسے   گولی مثل نخود تو بنوا لے
دو دو گھنٹے پہ ایک اِک گولی   دو اُسے اور نہ بولو کچھ بولی
نسخہ اچھا ہے اور مجرب ہے   سب کا شافی فطنؔ وہی رب ہے

اکَوَن۔ بہاری زبان میں مداریا آک کو کہتے ہیں۔

نسخہ:۔ فلفل سیاہ ۶ ماشہ بیخ آک ۱ تولہ ہر دو را باریک سائیدہ حب ادرک آمیختہ حبوب بقدر نخود بہبندد و بعد ہر دو ساعت یک حب ہمراہ عرق گاؤزبان بخورند۔

امراض جگر وطحال

یرقان

یرقان- وہ مرض ہے جس میں سارا بدن اور خصوصاً آنکھ کی سفیدی زرد رنگ کی ہو جاتی ہے- اِس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ پِت (صفرا) سارے بدن میں خون کے ساتھ پھیل جاتا ہے۔

بہر یرقان تمھیں ہو گر درکار ہے بہت خوب شربت دینار

مریض اگر جوان ہے- تو شربت دینار تین تولہ عرق بادیان ۱۲ تولہ میں ملاکر صبح وشام پیا کرے-

ورم طحال

ہو گیا ہو جسے کہ ورم طحال عرق جھاؤ کرے وہ استعمال

اِس کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ جھاؤ کی سبز پتیوں کو پیس کر قدرے پانی کا اضافہ کرکے اِسکا سبز پانی نکالا جائے -اور صبح وشام پانچ تولہ تقریباً سکنجبین ۲ تولہ ملاکر یا تنہا پیا جائے- کشید کیا ہوا عرق بھی مفید ہے مگر۔

امراض گردہ ومثانہ

احتباس بول

احتباس بول:- پیشاب کا بند ہو جانا۔

کان کا میل بھینس کا لے کر مل دیں اچھی طرح سے پیڑو پر

دیگر برائے احتباس بول

اک درم شورہ دو درم مصری پیتے ہی بول ہو گیا جاری

درم یا درہم ۔ کا وزن ۳۔ ماشہ ہے۔

پیشاب کی زیادتی

کشتہ شاخِ گوزن اک ماشا شہد میں تم ملا کے کھا لینا

شہد ۲ ماشہ سے ایک تولہ تک ۔ صبح کے وقت ۔

سلس البول

سلس البول ۔ پیشاب کا بلا ارادہ ہر وقت بہتا رہنا۔

کھانا دو ماشہ مصری جاوتری بول کی زیادتی میں ہے اچھی

جاوتری اور مصری ہموزن لیکر سفوف کریں ۔ اور اس سفوف کو دو

ماشہ کھا لیا کریں۔

امراض مخصوص مردان و زنان

قوت باہ

موصلی دکھنی اور عقر قرحا پیس کر قدرے کھاؤ صبح و مسا

موصلی ۴ تولہ اور عقر قرحا ایک تولہ دونوں کا سفوف بنا لیا جائے

اس سفوف میں اگر مصری ۵ تولہ بھی شامل کر دی جائے تو اچھا ہے

اگر مصری موجود ہو تو یہ سفوف بقدر ۳ ماشہ صبح و شام کھالیا کریں۔ اور
اس کے بعد دودھ بقدر مناسب پی لیا کریں۔

دافع جریان و مغلظ منی

عام طور پر جریان اس وجہ سے ہوتا ہے کہ منی رقیق ہو جاتی ہے۔ اس
لئے مغلظ منی ادویہ ہی سے جریان دور ہوا کرتا ہے۔

پھول لے کر گڑہل کے تم کوٹو　　ہموزن اُس میں پھر شکر ڈالو
کھاؤ دن بھر میں اُسکو دو مثقال　　ہو منی گاڑھی اور جائے ملال

مثقال۔ کا وزن ہم پہلے بتا چکے ہیں کہ یہ ۴. ماشہ کے برابر ہوتا ہے
اس سفوف کو کھا کر سادہ پانی یا دودھ استعمال کریں۔

طلائے مُلَذِّذ

لونگ اور سونٹھ اور عقر قرحا　　پانی میں پیس کر لگا لینا

لونگ۔ سونٹھ۔ اور عقر قرحا۔ تینوں ہموزن ہوں۔ انہیں پانی میں
پیس کر عضو خاص پر لگایا جائے۔ مگر اس کی مقدار زیادہ نہ ہونی چاہئے
بلکہ نہایت رقیق طلا لگانا چاہئے۔ ورنہ طرفین کیلئے مضرت رساں ہوگا

سوزاک

تجھکو سوزاک کا مرض جو لگا　　کھا بتاشہ میں شیر برگد کا

برگد کا دودھ ۷ بوند سے ۹ بوند تک علی الصباح یہ نسخہ استعمال کیا جائے۔

اِس کے بعد اگر شربت بزوری ۴ تولہ پانی میں ملا کر پی لیا جائے

تو مناسب ہے۔

ایضاً دیگر

پیس کر رکھ لو گیرو اور شورا صبح اور شام کھاؤ دُو ماشہ

گیرو اور شورہ دونوں ہموزن ہوں۔ اِس سفوف کے اوپر شربت

بزوری ۴ تولہ پانی یا عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ میں ملا کر پی لیا جائے تو مناسب ہے

ورم خصیہ

رینڈی کو دودھ میں پکاؤ تم ورم خُصیہ پہ پھر لگاؤ تم

رینڈی (ہ) بیدانجیر۔ یہاں مغز بیدانجیر مراد ہے۔

امراض جلد و شعر

اکوتہ

اکوتہ۔ نہایت بڑے دانے یا پھیلا ہوا زخم ہوتا ہے۔ جو عام طور

پر ٹانگوں اور ہاتھوں پر ہوتا ہے۔ اُس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔ خارش

ہوتی ہے۔ پانی یا زرد آب بہتا رہتا ہے۔ جو اُس کے زیادہ پھیلنے

کا باعث ہوتا ہے۔

لے کے تم مغز تخم بیدانجیر شیر بُز میں پکا کے باندھو کھیر

مغز تخم بید انجیر (ارنڈ) لیکر ۵ تولہ شیر بز میں پیسکر کھیر کی طرح پکائیں

پھر اُس کو گرما گرم ضماد کے طور پر زخم پر باندھیں - اگر زخم پھیلا ہوا ہو

تو اُسی نسبت سے کھیر زیادہ پکائیں -

داء الثعلب - بال جھڑنا

بکری کا سُم جلا کے سرکہ میں حل کریں اور اچھی طرح ملیں

بال بڑھانا اور سیاہ کرنا

لیموں کے رس میں آملہ لیکر خوب پیسین لگاویں بالوں پر

شقاق اطراف - ہاتھ پاؤں پھٹنا

سبز برگ حِنا کو لاؤ تم پیس کر اُس جگہ لگاؤ تم

اُبٹن مجلی بشرہ

تخم خربوزہ اور تل لے کر پانی میں پیس کر ملو اکثر

قُوبا یعنی داد

مرضِ قُوبا ہو گیا ہے گر کر عمل جو بتاؤں میں اُس پر

تجھکو نسخہ بتاؤں میں آساں کس لئے اِس قدر ہے تو حیران

پیسکر رائی سرکہ میں تو ملا دن میں دو بار اُس جگہ پہ لگا -

داد - خارش اور زخم

یہ سب امراض فساد خون سے پیدا ہوتے ہیں -

دا د ہو کبھی ہو کہ ہو شے زخم پی لیا کر تو شربت شیشم

شربت شیشم ۔ بنانے کی ترکیب یہ ہے کہ برادہ چوب شیشم ۱۶ تولہ لیکر شب و روز پانی میں بھگوئیں ۔ پھر پانی کو چھان کر صاف کریں اور اس میں قند سفید ایک سیر ملا کر شربت کا قوام تیار کریں ۔

متفرقات

ورم بغل

اس سے مراد بغل کی گلٹیوں (غدد جاذبہ) کا ورم ہے

گر بغل میں ہو ورم اے ہشیار گھس کر اس پر لگائیے جدوار

یعنی جدوار کو پانی یا سرکہ میں گھس کر نیم گرم ورم پر لگانا چاہئے ۔

تپ لرزہ

کالے زیرہ کو اور کلونجی کو گڑ میں مخلوط کر کے کھاؤ

سیاہ زیرہ اور کلونجی دونوں ہموزن لیکر سفوف کیا جائے ۔ اس سفوف سے بقدر ۳ ماشہ لیکر اور گڑ میں ملا کر بخار کی باری سے پہلے کھا لیا جائے

مار گزیدہ

جس شخص کو سانپ کاٹے وہ جلد سے جلد یہ تدبیر کرے اور جس مقام پر کاٹے اُس سے اوپر دو تین مقام پر کس کر دو تین بند

لگاویں۔ تاکہ وہاں سے خون اوپر نہ چڑھنے پائے۔ ورنہ سمیت
ملکر قلب تک پہونچ جائیگی۔

سانپ کاٹے کی ہے یہی تدبیر
عَرَقِ برگ ہائے بیدانجیر
لیکے دو تولہ دیجئے گا پلا
کھُل کے قے ہوگی پائیگا وہ شفا

بیدانجیر یعنی ارنڈ کے پتوں کو کچل کر باریک کریں۔ پھر اُس کا سبز
پانی نچوڑ لیں۔ اور کام میں لائیں۔

عمدہ غذائیں

جنکا استعمال بحالتِ صحت غیر مضر ہے۔

گوشت بکری کا اور کبوتر کا
مینڈھے کا گوشت اور تیتر کا
شلجم و سیب و خرفہ و مچھلی
اور انجیر و گیہوں کی روٹی

بُری غذائیں

گائے کا گوشت بیگن اور مولی
روغنِ تلخ و گاجر و ترشی

در بحر تقارب

تدبیر غذا

غذا معتدل کھاؤ اے نیکنام
کرو غسل بہتر ہے قبل از طعام
لگے جب تمہیں بھوک کھاؤ غذا
وگرنہ چلی جائے گی اشتہا

غذا تو نہ زنہار کھانا ثقیل
بقولات بھی کھا نہ تو اے عقیل (ساگ پات ۱۲)

اگر ورم معدہ ہو یا سیرفہ تر (کھانسی ۱۲)
تو کرتی ہے ترشی بہت ہی ضرر

ذرا سوئیے دن کو بعد از طعام
نہیں کھائیے اے فطنؔ شیر خام

غبار کا علاج

کسی طرح کا ہو خفیفہ بخار (ہلکا ۱۲)
پیا کر بنفشہ (۷ ماشہ) کو دو چار بار

یعنی گل بنفشہ سات ماشہ لیکر جوش دیکر پی لیا کریں۔ اِس میں مٹھاس کے لئے مصری بھی ملا سکتے ہیں۔

اگر اُس کے ہمراہ کھانسی بھی ہو
تو بیخ مہک (۵ ماشہ) کو اضافہ کرو

یعنی اگر بخار کے ساتھ کھانسی بھی ہو تو گلبنفشہ کے ساتھ بیخ مہک یعنی اصل السوس (ملیٹھی) بھی بڑھاویں۔

اگر قبض کی ہو شکایت تجھے
ملا کر تو انجیر میں جوش دے

یعنی اگر بخار کے ساتھ قبض ہو تو گلبنفشہ کے ساتھ انجیر بھی ملادیں

اگر ہو تپ کہنہ تو پھر مدام
گلو (۷ ماشہ)، شاہترا (۷ ماشہ) پیجیئے صبح و شام

یعنی گلوے نیم (۷ ماشہ) اور شاہترہ (۷ ماشہ) لیکر جوش دیں۔ اور صبح و شام استعمال کریں۔

اگر ہو کسی طرح کا بھی بخار
تو پی شاہترا (۷ ماشہ) اور بنفشہ (۷ ماشہ) کو یار

اِن دونوں ادویہ کا جوشاندہ تیار کیا جائیگا۔

اگر ساتھ تپ کے ہو ورم جگر
مکو کو بڑھا اسمیں لے خوش سیر
۵ ماشہ

یعنی شاہترہ اور گل بنفشہ کے ساتھ مکوئے خشک کا بھی اضافہ کریں

اگر ساتھ تپ کے ہو درم طحال
پلا عرقِ جھاؤ کو لے خوش خصال
۵ ماشہ

اگر قبض کی بھی ہو تکلیف تو
بھگو سرکہ میں خوب انجیر کو

پھر اک دانہ کھا اسکا تو صبح و شام
تو قائم رہے گا نہ تلی کا نام

یہ احقر کا ہے آزمایا ہوا
بہت بار ثابت مجرب ہوا

اگر چاہے دل آزما لیجئے
فطنؔ کے لئے بھی دعا کیجئے

نسخہ جات در بحرِ دیگر

جذام وغیرہ

جوش کر کے جھاؤ کی جڑ کو تو پی
دور ہو گی سب خرابی خوں کی

مقدار خوراک بیخ جھاؤ ایک تولہ سے ۲ تولہ۔

اسہال اطفال تمام اقسام

پوستِ خشخاش ہڑ زنگی کو لے
بھونکر شکر ملا کے تھوڑا سے دے

برد غن زرد
پوست خشخاش اور ہلیلہ سیاہ دونوں ہموزن لیکر اور گھی میں بریاں کر کے سفوف بنائیں اور ہموزن شکر سفید ملا کر حسب عمر بچہ کو ایک ماشہ سے تین ماشہ تک دیں۔

تپ لرزہ

دودھ میں بکری کے پیپل پیس کر　　بہرِ نفع پیجے شام و سحر

پیپل کا وزن ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہونا چاہئے۔ اور دودھ

دو چار تولہ کافی ہے۔

قوبا یعنی داد

گندھک و صابون کو تو ہموزن　　رس میں لیموں کے لگاؤ پھر فطن

داد کی بہترین دوا ہے۔

درد خصیہ

درد خصیہ میں ترے ہووے اگر　　پانی میں انڈی کو ایکدم پیس کر

گرم کر کے آگ پر دن میں دوبار　　بس لگاؤ اُس جگہ اے ہوشیار

انڈی سے مراد ارنڈ کے بیج کا مغز ہے۔ یعنی مغز تخم بید انجیر۔

قُلاع و سوزش زبان

قُلاع۔ منہ آنا

برگ ارہر اور بھی کشنیز لیں　　جوش کر کے خوب ہی کُلی کریں

برگ ارہر ۲ تولہ اور کشنیز ۲ تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ پھر کُلی کریں۔

دافع ریاح و آروغ

آروغ۔ ڈکار کو کہتے ہیں جو ریاح کی وجہ سے ہوتا ہے۔

مصطگی کو شہد میں قدرے ملا بے تامل کھا اُسے صبح و مسا

مصطگی ۲ ماشہ شہد ۲ تولہ

ہیضہ

ناریل بحری۔ پیپنتہ کو گھسیں قدرے قدرے صاحب ہیضہ کو دیں

ناریل بحری یعنی ناریل دریائی ایک ماشہ۔ پیپنتہ انگریزی ۴ رتی

لیکر عرق گاؤزبان میں گھسکر دن میں تین بار پلائیں۔

درد شقیقہ

ریٹھہ لیکر خوب پانی میں گھسیں اُسکے دو قطرے وہ ڈالیں ناک میں

سوزاک کہنہ

دو دو تولہ گیروا اور مصری کو ملا اور چھ چھ ماشہ پانی سے تو کھا

غبار چشم و دھند

رس میں لیموں کے کرین ہلدی کو تر اور لگائیں آنکھ میں پھر پیس کر

ہلدی کی گرہ عرق لیموں کاغذی میں ترکر کے سرمہ کے مانند باریک

اور ذرا سا لے آنکھ میں لگائیں۔

درد چشم

لے کے افیوں اور مغز گھیکوار پیس کر اوپر لگا دو چار بار

افیون ایک حصہ۔ مغز گھیکوار چار حصے۔ یہ دونوں چیزیں بھوں

پر اور آنکھ کے گرد لگائیں۔

باؤلے کتے کا زہر

باؤلے کتے نے کاٹا ہو جسے   ناریل بحری کھلاؤ تم اُسے

ناریل بحری۔ یعنی نارجیل دریائی۔ ایک ماشہ سے ۲ ماشہ لیکر عرق گاؤزبان میں حل کرکے پلائیں۔

بدبوئے بینی

ہو مرض بدبوئے بینی کا اگر   ناک میں ٹپکائیں اُسکے بول خر

شیر برز کے اوصاف

ہے اجازت بلغمی تپ میں مدام   شیر برز کے واسطے اے نیکنام
اِس سے اخلاطِ ثلاثہ دور ہون   اور جنون و زخم بھی کافور ہون
تشنگی جائے۔ بڑھائے اِشتہا (بھوک)   ہو یبوست دور اور عرق النسا

اخلاطِ ثلاثہ سے مراد صفرا، سودا، اور بلغم ہے۔

بعض اُصول غذا و تدابیر صحت

جب تجھے ہو بھوکھ کھا اچھی غذا   روشنی تیز سے آنکھیں بچا
نشہ کی چیزوں سے رکھو اجتناب   کھانا بھی زائد نہ کھا یہ ہے خراب
دودھ کے ہمراہ مچھلی کو نہ کھا   اور کھٹائی اور مولی کو نہ کھا
صاف رکھ اول تو رہنے کا مکان   پانی پینے کا مکان کی نا بیان

عمر طبعی حاصل کرنے کی تدبیر

رات دن میں گھنٹے ہیں بست و چار — اِسکے حصّے تین کر اے ہوشیار
پہلا حصہ صرف کر دے کام میں — دوسرا تفریح اور آرام میں
تیسرا سونے میں کر اپنا بسر — "عمر طبعی" اُس سے حاصل اپنے کر

افیون کی عادتِ بد

جو نہ چاہے خشک کرنا خون کو — وہ نہ کھائے گا کبھی افیون کو
تیز کو چاہے تو یہ کاہل کرے — اور عقل و فہم کو زائل کرے
کیوں بنا ہے پینکی اور جھکتا ہے تو — ڈینگ کی لیتا ہے اور بکتا ہے تو
خوفِ حق کر اور رستہ اچھا تھام — کس لئے کھاتا ہے تو اس کو مدام

مدک اور چانڈو کی عادت

رات دن پیتا ہے گر چانڈو مدک — کر خرابی میں نہ تو اب اپنے شک
تو نہ پی ہرگز اسے اے بو الفضول — تاکہ ہو طاعت تری یکسر قبول
پیتا ہے کس شوق سے صبح و مسا — اے ہو نُق رحم کچھ اپنے پہ کھا
عمر کو ہرگز نہیں برباد کر — ذکرِ حق سے اپنا دل آباد کر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فہرست ادویہ بلحاظ افعال و صفات

بعد حمد خدائے موجودات　　　لکھ رہا ہوں دواؤں کے ہیں صفات

مُعدّلاتِ بلغم

یعنی وہ دوائیں جو بلغم کے لئے مُنضج ہیں۔ اور اُس کی زیادتی کو کمی سے تبدیل کر دیتی ہیں۔

اِس جگہ لکھتا ہوں دوائیں چند　　　ہنسراج و شکاعی و گلقند

ہنسراج۔ پرسیاوشان۔

تخم خطمی و تخم خبازی　　　سونف و انجیر اور مُلہٹی

مُقویاتِ دل و مُفرحات

یہ لکھی ہیں دوائیں اے عاقل　　　ہیں مفرح بھی اور مقوی دِل

اُشنہ و آملہ۔ گُل گڑہل　　　کندر و ہم شقاقل و صندل

بہمن و سیب و مُشک اور بہی　　　برگ تنبول و بیخ مرجان بھی

ورقِ نقرہ اور ہے عنبر　　　کہربا و کیترا اور کیسر

کیسر۔ ہندی لفظ ہے۔ بمعنے زعفران۔

عرقِ کیوڑہ اور ہے جدوار دارچینی ولاجورد و انار
ناشپاتی وپستہ اور انجیر ہیں دوائیں کچھ اور بھی تحریر
پتے گاؤزبان کے اور پتا اور امرود و آملی اور دھنیا

مقویاتِ معدہ

ہیں مقوی معدہ اے خوشخو آلوئے خام۔ تخم بالنگو
آلوئے خام۔ یعنی خام آلو بخارا۔

عود ہندی و آملہ و بہی مصطگی و کربا اور دہی
جامن اور دارچینی اور اذخر اُشنہ اور سعد کوفی اور کیسر
فلفل و لونگ اور جوز بوا گول مرچ اور ترنج کا چھلکا

مُضراتِ معدہ

آلوئے شیریں و ساگ اور سجی ناریل۔ تخم ہالم اور السی
گرم پانی بھی اور کہنہ پنیر تخم پیٹھا ہے۔ لوبیا اور شیر

مُفتّحات

وہ دوائیں جو مادے کو چھانٹ کر رگوں اور نالیوں کو کھول دیں

صعتر و نانخواہ و تخم گندنا
جاؤ شیر و کرفس اور اذخر

نانخواہ - اجوائن دیسی -

زعفران اور سونٹھ اور پیپل
زیرہ کرمانی - ہالوں اور حرمل

زیرہ کرمانی - زیرہ سیاہ - حرمل - اسپند -

اور مجھ سے دوائیں سنئے تین
شہترہ اور انیسون - افسنتین

مقویات دماغ

سنبل الطیب و زعفران و عود
آملہ اور سیب اور امرود

فندق و سعد کوفی اور کبیر
تخم بالنگ و لونگ اور عنبر

مانعات نزف

وہ دوائیں جو جریان خون کو بند کردیں (نزف خون بہنا)

گندھک و بارتنگ اور گیرو
زیرہ و مصطگی و کتھ - مازو

حضض و عذبہ - ریشۂ برگد
کہرباؤ کپور اور بسد

عذبہ - مائیں خرد - حضض - رسوت - بسد - بیخ مرجان

قاتلات دود

کیڑے مارنے والی دوائیں -

پنج و شونیزا ور پودینہ برگ شفتالو۔ حرف اور جعدہ

مجففات

زخم کو خشک کرنیوالی دوائیں۔

زخم کو خشک کرکے اچھا رنگ لاتا ہے انزروت و مرداسنگ

مُجلیات

قرحہ کو ریم وغیرہ سے پاک کرنیوالی دوائیں۔

شورہ اور گندھک و نبات و عسل اور نمک اور زفت اور ابہل

مؤکلات

زخم کے خراب گوشت کو قرحہ سے کاٹ کر نکالنے والی دوائیں

لحم زائد کو کرتا ہے یہ دُور طوطیا۔انزروت اور سیندور
یاد رکھ اس کو بھی تو اے ہشیار مرداسنگ اور سفیدہ اور زنگار

چند ادویہ کے خواص

پیدا کرتا ہے خلط صالح کو اور منی کو بڑھاتا ہے چاول
خشک کرتا ہے اور بھرتا ہے گھاؤ کو زخم کو مُواباول

گرم ہے اور قے کا دافع ہے — اور محلل ریاح ہے پیپل
درد بارد کو ہے بہت نافع — جس کو کہتے ہیں روغن خردل
سب ہی اعضاء کے درد بارد کو — نافع بیحد ہے روغن نیول
ہے مسخن جگر کا معدہ کا — اور ہاضم قطن ہے جل پیپل

نیولا ۱۲

خاتمہ

شکر صد شکر خالق عالم — بتصدق مفخر آدم
جب یہ اشعار سب تمام ہوے — دیکھکر شاد خاص و عام ہوے
اے قطن فائدہ اٹھائیں سب
ہے دعا میری یہ خدا سے اب

تاریخ تالیف سنہ ۱۹۲۱ء



Dr Shabistan Fatma Taiyabi

Mahiyatul Amraz

Help us in the digitization of contents of Unani Medicine. Please read, write, like, share, download, and upload the content of Unani Medicine on the internet. Your little effort will bring the Unani contents to a fingertip.





Blog

- https://unanipatho.blogspot.com
- https://shabistanfatma.wixsite.com/shabistanfatma
- https://ayushnext.ayush.gov.in/posts-by-tag?tag=unani
- https://www.slideshare.net/DrShabistanFatmaTaiy?utm_campaign=profiletracking&utm_medium=sssite&utm_source=ssslideview
- https://www.aup.org.in/about.php

GOVERNMENT TIBBI COLLEGE PATNA

tibb